۲۰۱۸/۰۴/۰۱ء

# علمائے اہل حدیث کا اوقاتِ نماز کے حوالہ سے مشترکہ اعلامیہ

[یہ اعلامیہ دو برس قبل جاری کیا گیا تھا جب حالیہ سرکاری نظام الاوقات مرتب کرنے کا عندیہ حکومت کی جانب سے سامنے آیا تھا۔ یاد رہے کہ اس وقت کارپردازان حکومت نے اہل حدیث علماء سے رائے طلب کی تھی جو اس اعلامیے کی صورت پیش کر دی گئی تھی۔ مگر اس وقت ارباب اختیار نے اس طرف کوئی توجہ کی نہ اپنے اس اقدام کے مضر اثرات پر غور کرنے کی ضرورت محسوس کی۔ اب دوبارہ چند جزوی تبدیلیوں اور علماء کی مزید تائید کے ساتھ یہ اعلامیہ نشر کیا جارہا ہے۔]

مرکزی جمعیت اہلحدیث اسلام آباد کی دعوت پر علمائے کرام کا اجلاس منعقد ہوا تھا جس میں ملک کے نامور شیوخ الحدیث اور مفتیان کرام نے شرکت فرمائی۔ اجلاس میں وزارت مذہبی امور پاکستان کے نظام الاوقات برائے اذان وصلاۃ کا کتاب وسنت کی روشنی میں جائزہ لیا گیا، تمام پہلوؤں پر بحث ونظر کے بعد بالاتفاق یہ طے پایا:

ا۔ ملک میں اتحاد واتفاق کے لیے وزارت مذہبی امور پاکستان کے جذبے کو ہم قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، لیکن وزارت مذہبی امور کے شائع کردہ نظام الاوقات برائے صلاۃ واذان کو کتاب وسنت کے منافی سمجھتے ہیں، اس کی تفصیل یہ ہے:

أ۔ عصر کی اذان اور نماز کے وقت کا تعین (جو کیلنڈر میں کیا گیا ہے) مداخلت فی الدین ہے؛ کیونکہ اس وقت سے قبل اذان اور نماز کی ممانعت نبی اکرم ﷺ کے زندگی بھر کے عمل اور تعلیم کے خلاف ہے۔

ب۔ مغرب کی اذان غروب شمس کے چار منٹ تک دینے کی ممانعت اور پانچ منٹ بعد دینے کی پابندی بھی تحریف فی الدین ہے۔

ت۔ رمضان کے مہینے میں سائرن کو اذان کے متبادل کے طور پر استعمال کرنا احداث فی الدین اور شعائر اللہ کو ختم کرنے کے مترادف ہے۔

۲-        اتحاد امت اور اہم آہنگی کا یہ نیا تصور مسلمانوں میں اتحاد و اتفاق کی بجائے مزید افتراق و اختلاف کا باعث ہو گا، وزارت مذہبی امور سے ہمیں ایسی توقع نہیں کہ اس کے کسی اقدام سے مسلمانوں میں افتراق پیدا ہو۔

۳-        شہر کی مختلف مساجد میں نمازوں کے اوقات کا ایک ہونا عہد نبوی، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور تابعین کے زمانے میں بھی نہ تھا، لیکن امت میں اتفاق تھا، اقامت صلاۃ اور وحدت امت کے لیے وزارت مذہبی امور کا شرعی بنیاد کے بغیر کوئی قدم اٹھانا باعث خیر نہ ہو گا۔

۴-        اہلحدیث کے ہاں عصر کی نماز کا وقت (یعنی مثل اول) معیار اور کتاب و سنت کے عین مطابق ہے، اور یہی موقف ائمہ احناف امام ابو یوسف، امام محمد، امام زفر رحمہم اللہ اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ سے ایک روایت کے مطابق منقول ہے، بلکہ ہر دور میں محققین علمائے احناف نے بھی اس موقف کو اختیار کیا ہے۔

۵-        شرکائے اجلاس اس بات پر متفق تھے کہ وزارتِ مذہبی امور کا یہ اقدام مداخلت فی الدین کے علاوہ آئین پاکستان کے بھی خلاف ہے، آئین میں تمام اہل ملک کو اپنے اپنے طریقے کے مطابق عبادات کرنے کی ادائیگی کا حق دیا گیا ہے، اس لیے کسی بھی گروہ کو دوسرے گروہ کے مطابق عبادات میں ادائیگی کا پابند بنانا آئین پاکستان کے بھی خلاف ہے۔

۶-        اتحاد کی بنیاد کتاب و سنت ہے، اگر وزارت مذہبی امور واقعتاً اتحاد امت کی خواہاں ہے تو نظام الاوقات کو کتاب و سنت کے مطابق مرتب کیا جائے، چند سطحی اقدامات سے اتحاد ممکن نہیں، اس کا طریقہ وہی ہے جو قرآن کریم نے بیان کیا ہے:{فَإِنْ تَنَازَعْتُمْ فِي شَــيْءٍ فَرُدُّوهُ إِلَى اللَّهِ وَالرَّسُــولِ}[النساء:۵۹] اگر تمہارا کسی چیز میں تنازعہ ہو جائے تو اسے اللہ اور اس کے رسول کی طرف لوٹا دو۔ اور رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے:(تركت فيكم أمرين لن تضلوا ما تمسكتم بهما: كتاب الله وسنتي)(صحيح الجامع رقم ٥٢٤٨) میں تمہارے درمیان دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، جب تک تم ان دونوں کو تھامے رکھو گے راہ سے نہیں بھٹکو گے: اللہ کی کتاب اور میری سنت۔

۷- ہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالی پاکستان کو اتحاد کی دولت سے مالا مال فرمائے، اور وزارت مذہبی امور کو اس سلسلے میں کتاب و سنت کے مطابق مساعی بروئے کار لانے کی توفیق عطا فرمائے۔

چنانچہ ہم نمائندہ علمائے اہل حدیث اس یکساں اوقات نماز کو اتحاد و اتفاق کی بجائے انتشار و افتراق سمجھتے ہیں، اذان کی بجائے سائرن پر روزہ افطاری کو اسلام کے ساتھ سنگیں مذاق گردانتے ہیں۔ چونکہ نماز وروزہ جیسی عبادات اسلام کے بنیادی ارکان ہیں، اس لیے ان کی ادائیگی قرآن و سنت کے مطابق یقینی بنانے کے لیے ہم وطن عزیز میں آئینی و قانونی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اِن شاءاللہ۔

**اعلامیہ ہذا کو تحریر اور اس کی تائید کرنے والے علمائے کرام ومفتیان عظام کے اسمائے گرامی:**

| | | |
|---|---|---|
| ۱- | شیخ الحدیث عبد الحمید ہزاروی حفظہ اللہ | جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ |
| ۲- | شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی حفظہ اللہ | جامعہ لاہور الاسلامیہ لاہور |
| ۳- | شیخ الحدیث عبد اللہ امجد چھتوی رحمہ اللہ | مرکز الدعوۃ السلفیہ ستیانہ بنگلہ، فیصل آباد |
| ۴- | شیخ الحدیث عبید اللہ عفیف حفظہ اللہ | مرکز اہلحدیث لارنس روڈ لاہور |
| ۵- | شیخ الحدیث حافظ عبد العزیز علوی حفظہ اللہ | جامعہ سلفیہ فیصل آباد |
| ۶- | شیخ الحدیث مسعود عالم حفظہ اللہ | جامعہ سلفیہ فیصل آباد |
| ۷- | شیخ الحدیث محمد امین حفظہ اللہ | دار العلوم تقویۃ الاسلام، فیصل آباد |
| ۸- | شیخ الحدیث صلاح الدین یوسف حفظہ اللہ | دار السلام، لاہور |
| ۹- | شیخ الحدیث ارشاد الحق اثری حفظہ اللہ | ادارۃ العلوم الاثریہ، فیصل آباد |
| ۱۰- | شیخ الحدیث حافظ محمد شریف حفظہ اللہ | مرکز التربیہ الاسلامیہ، فیصل آباد |
| ۱۱- | شیخ الحدیث عبد الستار الحماد حفظہ اللہ | مرکز الدراسات الاسلامیہ، میاں چنوں |
| ۱۲- | شیخ الحدیث عبد اللہ ناصر رحمانی حفظہ اللہ | المعہد السلفی، کراچی |
| ۱۳- | شیخ الحدیث ڈاکٹر سہیل حسن حفظہ اللہ | ڈائریکٹر جنرل دعوہ اکیڈمی، اسلام آباد |
| ۱۴- | شیخ الحدیث ابراہیم بھٹی حفظہ اللہ | |
| ۱۵- | شیخ مبشر احمد ربانی حفظہ اللہ | مرکز حماد العتیبی و مسجد حسن |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶- | حافظ ابتسام الٰہی ظہیر | مرکز اہل حدیث لارنس روڈ |
| ۱۷- | حافظ ہشام الٰہی ظہیر | قرآن وسنہ اسلامک سنٹر یو ای ٹی |
| ۱۸- | شیخ رفیق طاہر حفظہ اللہ | |
| ۱۹- | شیخ شفقت الرحمن مغل حفظہ اللہ | |
| ۲۰- | شیخ عبد المنان راسخ | ادارہ کتاب وحکمت فیصل آباد |
| ۲۱- | محمد احمد صدیق | کلیۃ القران الکریم والتربیہ الاسلامیہ پھول نگر |
| ۲۲- | حافظ جنید اقبال | |
| ۲۳- | عبد الستار معراج دین | |
| ۲۴- | ڈاکٹر عبد الرحمان یوسف | شیخ الحدیث دار الحدیث الجامعۃ الکمالیہ راجووال<br>سابق اسسٹنٹ پروفیسر اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور |
| ۲۵- | ڈاکٹر عبید الرحمن محسن | مہتمم دار الحدیث راجووال |
| ۲۶- | ابو انشاء خلیل الرحمن جاوید | خطیب جامع مسجد صدیقی جمشید روڈ کراچی |
| ۲۷- | حافظ مسعود عبد الرشید اظہر | رئیس الجامعۃ السعیدیۃ السلفیۃ خانیوال<br>رئیس المجلس الاسلامی پاکستان |
| ۲۸- | محمد صارم | |
| ۲۹- | عبد الرحمن ثاقب | مرکزی جامع مسجد اہل حدیث مارچ بازار سکھر |
| ۳۰- | ڈاکٹر مطیع اللہ باجوہ | چیئرمین اسوہ فاونڈیشن |
| ۳۱- | حافظ خالد بن بشیر مرجالوی حفظہ اللہ | شیخ الحدیث جامعہ محمدیہ، گوجرانوالہ |
| ۳۲- | شیخ زبیر بن خالد مرجالوی | نائب مدیر: اللجنۃ العلمیۃ، پاکستان |
| ۳۳- | عثمان بن خالد مرجالوی | مدیر: اللجنۃ العلمیۃ، پاکستان |
| ۳۴- | قاری فرخ مہتاب | امام وخطیب / الشارقۃ |
| ۳۵- | شاہ فیض الابرار صدیقی | جامعہ ابی بکر الاسلامیہ کراچی |

| | |
|---|---|
| ۳۶- مولانا محمد ھاشم یزمانی | ریسرچ سکالر پیغام ٹی وی لاھور |
| ۳۷- حافظ محمود عبدالرشید اظہر | ناظم الجامعۃ السعیدیۃ السلفیۃ خانیوال |
| ۳۸- محمد ابراہیم بن بشیر الحسینوی | مہتمم جامعہ امام احمد بن حنبل قصور<br>مفتی مرکزی جمعیت اہل حدیث ضلع قصور |
| ۳۹۔ شیخ راشد حسن | جامعہ بحر العلوم السفیہ میرپور خاص سندھ |
| ۴۰۔ حافظ عبد القیوم سلفی | اسلامک سنٹر جدہ |
| ۴۱۔ حافظ محمد عرفان اسعد | مدیر جامعہ اسلامیہ سلفیہ اڈاجہان خان بھکر<br>وچیئرمین رفاہ ملت فاونڈیشن بھکر |
| ۴۲- شیخ حماد الحق نعیم | |
| ۴۳۔ شیخ احسان اللہ | امام وخطیب دیجن اسلامک سنٹر جنوبی کوریا |
| ۴۴- ابو معاذ حنیف، عفی اللہ عنہ | اسلامک سنٹر عنیزہ القصیم سعودیہ عرب |
| ۴۵- حافظ عبد الماجد سلفی | مدیر مرکز القدس ٹاؤن شپ، لاہور |
| ۴۶- شیخ اسحاق طاہر | شیخ الحدیث جامعہ فاطمۃ الزھرا، مرکز القدس ٹاؤن شپ، لاہور |
| ۴۷- فضیلۃ الأستاذ مولانا ھود حفظہ اللہ شیخ الحدیث کلیہ دار القرآن والحدیث، جناح کالونی، فیصل آباد | |
| ۴۸- شیخ انس مدنی حفظہ اللہ | مہتمم کلیۃ دار القرآن، فیصل آباد |
| ۴۹- حافظ عبد الغفار ریحان | رئیس جامعہ حرمین ظفروال ضلع نارووال |
| ۵۰- شیخ حمید اللہ خان عزیز | ایڈیٹر ماھنامہ "تفہیم الاسلام" احمد پور شرقیہ |
| ۵۱- قاری صہیب احمد میر محمدی | مدیر مرکز اہل حدیث بونگا بلوچاں |
| ۵۲- اعجاز بن حسن بہاولنگر | |
| ۵۳- مولانا ارشد بیگم کوٹی | |
| ۵۴- مولانا عبید اللہ ارشد | |
| ۵۵- ڈاکٹر فضل الٰہی ظہیر | |

٥٦-حافظ معتصم الٰہی ظہیر

٥٧-ڈاکٹر حافظ حمزہ مدنی — مدیر جامعہ اسلامیہ بیت العتیق

٥٨-ڈاکٹر حافظ انس مدنی — مدیر جامع مسجد نور

٥٩-مولانا انور شاہ راشدی — جامعہ دار الرشاد پیر آف جھنڈا، سندھ

٦٠-مناظر اسلام مولانا یحیٰ عارفی

٦١-مولانا ضیاء اللہ برنی روپڑی — مدیر مرکز اہل حدیث پونچھ روڈ سمن آباد

٦٢-مولانا عبد الحفیظ روپڑی کراچی

٦٣-مولانا محمد عثمان حفظہ اللہ — امیر جماعت، ضلع سکھر

٦٤-حافظ خضر حیات مدنی

٦٥-حافظ ڈاکٹر طاہر محمود اسلام آباد

٦٦-مولانا عبد الباسط فہیم — سابق مدرس مسجد نبوی

٦٧-حافظ ارشد محمود — مدیر مجموعہ علمائے اہل حدیث

٦٨-مولانا عبد الحی عابد — شیخ الحدیث دار الحدیث المحمدیہ ملتان

٦٩-پروفیسر مولانا محمد یونس محمد یعقوب نائب شیخ الحدیث و خطیب الجامعۃ السلفیۃ فیصل آباد

٧٠-محمد اسلم ربانی حفظہ اللہ — لیکچرار گورنمنٹ ڈگری کالج، ڈسکہ

٧١-حافظ عبد المنان ثاقب — نگران جامعہ ریاض القرآن والحدیث فیصل آباد

٧٢-شیخ غلام مصطفیٰ امن پوری حفظہ اللہ

٧٣-شیخ ابو یحیٰ نور پوری حفظہ اللہ

٧٤-حافظ محسن جاوید

٧٥-حافظ سیف اللہ ارشد حفظہ اللہ

٧٦-حافظ عابد الٰہی ظہیر حفظہ اللہ

٧٧-مولانا عمر فاروق قدوسی

۷۸-مولانا محمد علی یزدانی

۷۹- محترم ابو بکر قدوسی حفظہ اللہ

۸۰-مولانا محمد رفیق مدنی — مدیر جامعہ دارالحدیث المحمدیہ ملتان

۸۱-مفتی عبدالحنان زاھد — مفتی عام الجامعۃ السلفیۃ فیصل آباد

۸۲۔پروفیسر حافظ عثمان خالد شیخوپوری — مدیر جامعہ محمدیہ شیخوپورہ

۸۳۔ڈاکٹر جواد حیدر — لیکچرر گورنمنٹ کالج اوکاڑا

۸۴-غلام مصطفی فاروق — مدیر ماہنامہ تنویر الھدی ڈسکہ سیالکوٹ

۸۵- قاری نعمان مختار لکھوی حفظہ اللہ — مدیر الفیصل اسلامک سنٹر جوہر ٹاون لاہور

۸۶-حافظ اسعد محمود سلفی حفظہ اللہ — مدیر وخطیب جامع مسجد مکرم اہل حدیث گوجرانوالہ

۸۷- قاري محمد سعيد كليروي حفظہ اللہ — گوجرانوالہ

۸۸-ڈاکٹر عتیق الرحمان حفظہ اللہ — جامعہ سلفیہ، فیصل آباد

۸۹-حافظ اظہار الحق حفظہ اللہ — مدرس مرکز الدعوۃ الاسلامیہ، لاہور

۹۰- شیخ محمد شفیع طاھر حفظہ اللہ — مدير ومدرس جامعہ امام بخاري ملتان چونگی لاہور

۹۱-عبد الواجد العجمی حفظہ اللہ — جامعہ امام بخاری سرگودھا

۹۲-مولانا محمد سعید طیب بھٹوی حفظہ اللہ، خطیب جامع مسجد محمدی پی ڈبلیو ڈی کالونی اسلام آباد

۹۳-انجینئر عبدالقدوس سلفی حفظہ اللہ، خطیب جامع مسجد اقصیٰ ایف سکس تھری اسلام آباد

۹۴- شیخ شفیق الرحمن دراوی حفظہ اللہ — مکہ مکرمہ

۹۵-مولانا محمد شفیق عاجز حفظہ اللہ — ضلع نوشہرو فیروز

وما علینا الا البلاغ المبین